**3121-B07-IISC-R-M-17**

B.Com. Degree Examination MAY 2017

Second Semester`

# URDU (BASIC)

# MIL

Time : Three hours | Maximum : 80 Marks

نصابی کتب: 1. منتخبات جامعہ اردو (حصہ دوم)

2. نمائندہ مختصر افسانے (آخری پانچ افسانے)

ہدایات: تمام سوالات لازمی ہے۔

ہر سوالات کے نشانات بائیں جانب درج ہیں۔

1. صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔ (10 × 1 = 10)

(a) فسانۂ آزاد کا مصنف کون ہے؟

(i) رتن ناتھ سرشار (ii) عبدالحلیم شرر

(iii) مرزا رسوا (iv) پریم چند

(b) عبدالحلیم شرر کہاں پیدا ہوئے؟

(i) دہلی (ii) لکھنؤ

(iii) علی گڑھ (iv) آگرہ

(c) حالی نے حیات جاوید میں کس کی سیرت بیان کی ہے؟

(i) سعدی (ii) رومی

(iii) سرسید (iv) حافظ

(d) دھنپت رائے کس نام سے مشہور ہوئے؟

(i) کرشن چندر (ii) بیدی

(iii) منٹو (iv) پریم چند



Scanned by CamScanner

(e) خدائے سخن کس شاعر کا لقب ہے؟

(i) میر تقی میرؔ (ii) میر انیس

(iii) میر درد (iv) میراں جی

(f) بابائے اردو کا لقب کسے دیا گیا ہے؟

(i) غالب (ii) عبدالحق

(iii) سرسید (iv) حالی

(g) شاعر اپنا تخلص غزل کے کس شعر میں پیش کرتا ہے؟

(i) پہلا (ii) دوسرا

(iii) تیسرا (iv) آخری

(h) قول کا پاس کس کا افسانہ ہے؟

(i) اختر انصاری (ii) سہیل عظیم آبادی

(iii) عصمت چغتائی (iv) پریم چند

(i) دلی کا قدیم نام کیا تھا؟

(i) اکبر آباد (ii) شاہجہاں آباد

(iii) مرشد آباد (iv) مراد آباد

(j) ’’ہستی اپنی حباب کی سی ہے‘‘ اس شعر کا دوسرا مصرعہ کیا ہے؟

(i) حالت اب اضطراب سی ہے (ii) پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(iii) ساری مستی شراب کی سی ہے (iv) یہ نمائش سراب کی سی ہے

2. میاں آزاد اور رئیس کی ملاقات کا حال تفصیل سے لکھئے۔ آزاد مصاحبوں میں کس طرح شامل ہوئے؟
(1×15=15)

یا

رشید احمد صدیقی کے انشائیہ ’’امتحانات‘‘ میں آپ نے کیا کیا دلچسپ لطیفے پڑھے ہیں؟ بیان کیجئے۔



Scanned by CamScanner

.3 بحوالۂ متن کسی چار کی وضاحت کیجئے۔ (4 × 2½ = 10)

(a) "بے شک کیا چوٹوں کے سر پر دو سینگ ہوتے ہیں"۔

(b) "پانی ان کی بڑی دولت ہے۔ جس کی امید میں وہ آرزو مند بن کر کبھی آسمان کو دیکھتے ہیں اور کنویں کی طرف رخ کرتے ہیں۔

(c) "یہ پنگھانہ تھا بلکہ عقیدت اور محبت کے مظاہروں کا مرکز تھا"۔

(d) "ہماری ٹیم ایک جگہ سے نہیں بلکہ سیکڑوں جگہ جیت کر آئی ہے"۔

(e) "اب مجھے پکڑ کر جہاں چاہو لے جاؤ، سپاہی نے کہا، تمہیں پکڑنے کو میرا جی نہیں چاہتا، تم بھاگ جاؤ"۔

(f) "تعصب ان میں نام کو نہ تھا، ہر قوم و ملت کے آدمی سے یکساں خلوص ومحبت سے پیش آتے تھے"۔

.4 درج ذیل میں سے کسی پانچ کی تشریح کیجئے۔ (5 × 3 = 15)

(a) میرؔ ان نیم باز آنکھوں میں
سارى مستی شراب کی سی ہے

(b) کام ہمت سے جواں مرد اگر لیتا ہے
سانپ کو مار کر کے گنجینۂ زر لیتا ہے

(c) ناگوارا کو جو کرتا ہے گوارا انساں
زہر پی کر مزۂ شیر و شکر لیتا ہے

(d) ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار
یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے

(e) باقی چمن میں کچھ تو ہمارا نشاں رہے
صیاد ہم رہیں نہ رہیں آشیاں رہے



Scanned by CamScanner

(f) نہ ہوا کوئی سرفراز کمال
جب ہوئے تیرے خاکسار ہوئے

(g) عشق کو مٹ کے بھی قرار نہیں
نیستی کا بھی اعتبار نہیں

(h) آنکھوں میں نور جسم میں بن کر وہ جاں رہے
یعنی ہمیں میں رہ کے وہ ہم سے نہاں رہے

.5 (a) کسی ایک افسانے پر اظہار خیال کیجئے۔ (1×10=10)

(i) اٹھارہ آنے

(ii) گرہن

(iii) چوتھی کا جوڑا

(b) کسی دو کرداروں پر نوٹ لکھئے۔ (2×5=10)

(i) سروش (ii) سیٹھ جی

(iii) ہولی (iv) راحت میاں

.6 اردو میں ترجمہ کیجئے۔ (1×10=10)

Cinema is a popular means of entertainment in the modern days. In proof of this we may say ninety nine percent of people get entertainment through cinema. Today the income of cinema companies is crores of rupees. From elderly persons to children everyone likes cinema.

---



Scanned by CamScanner